# مددگار گائیڈ

# صحبت داری کے شراکت دار کی جانب سے تشدد

## شناخت کرنا، رپورٹنگ اور امدادی خدمات

| | | |
|---|---|---|
| حاضر افسر | | بیج نمبر. |
| ٹیلی فون | | |
| واقعہ نمبر. | | |

www.haltonpolice.ca

## تشدد کے سلسلے کو توڑیں

**مدد کے لیے آئیں**

**"ہنی مون"**

بدسلوکی کرنے والے تشدد کے واقعات کے بعد مختلف رویہ اپناتے ہیں۔ کچھ لوگ تشدد کو نظر انداز کرتے ہیں یا اس سے انکار کرتے ہیں۔ کچھ آپ کی کہی ہوئی کسی بات پر

آنے والے اپنے "غصے" کو الزام دیتے ہیں۔ کچھ آپ کو کھونے سے ڈرتے ہیں اور واقعی معذرت خواہانہ رویہ رکھتے ہیں۔ اس مرحلے کو اکثر "ہنی مون" کہا جاتا ہے۔ زیادتی کرنے والا اپنے تشدد کی تلافی کرنے کی کوشش کرے گا۔ وہ افسوس کا اظہار کر سکتے ہیں، کارڈ اور پھول بھیج سکتے ہیں، تحائف خرید سکتے ہیں، گھر کے کام میں مدد کرسکتے ہیں، بچوں کے ساتھ وقت گزار سکتے ہیں، چرچ جا سکتے ہیں، مشاورت کر سکتے ہیں یا وعدے کر سکتے ہیں۔ بدسلوکی کرنے والا ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ یہ مرحلہ آپ کو واپس رشتہ کی طرف راغب کرنے کی ایک کوشش ہے۔ یہ مرحلہ کبھی بھی "حقیقی ہنی مون" نہیں ہوتا ہے۔

**تناؤ**

یہ انڈے کے شیلوں پر چلنے کی طرح محسوس ہوتا ہے۔ کچھ بھی ٹھیک نہیں ہے۔ بد سلوکی کرنے والا کیا چاہتا ہے اس بات کی پیشین گوئی کرنے کا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ اگرچہ جسمانی تشدد نہیں ہوتا (یا کم از کم جسمانی تشدد کم سے کم ہے) جذباتی زیادتی موجود ہوتی ہے۔ ڈرانا اور دھمکانا۔ تشدد کا خوف اکثر اتنا ہی تشدد آمیز ہوتا ہے جتنا کہ خود تشدد۔

**تشدد**

یہ اصل واقعہ ہوتا ہے۔ اس میں جسمانی یا جنسی استحصال شامل ہے۔ ایک جرم کا ارتکاب کیا جاتا ہے۔

## صحبت داری کے تعلق میں بدسلوکی کیا ہے؟

مخالف جنس یا ایک جیسی جنس کے شراکت داروں کے مابین گہرے تعلقات دورانیے اور قانونی وضاحت میں مختلف ہو سکتے ہیں، لیکن اس میں عام طور پر موجودہ اور سابقہ ڈیٹنگ شراکت دار، عمومی قانون کے شراکت دار یا شادی شدہ جوڑے شامل ہیں۔

صحبت داری کے تعلقات کی زیادتی سے مراد جسمانی، جنسی اور نفسیاتی بدسلوکی کے افعال ہیں جس میں ایک شخص دوسرے شخص کے رویے کو کنٹرول کرتا ہے یا اس کا ارادہ رکھتا ہے۔

طاقت اور کنٹرول کا غلط استعمال عام طور پر ملوث ہوتا ہے اور اکثر اس میں ملوث کنبہ کے افراد کو کسی قسم کا نقصان پہنچتا ہے۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ زیادتی آپ کی غلطی نہیں ہے، حالانکہ آپ کے ساتھ بدسلوکی کرنے والا کہے گا۔ آپ اپنے صحبت داری کے ساتھی سمیت دوسروں کے اعمال کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

محفوظ اور تشدد سے آزاد زندگی کا ہر فرد کو حق ہے۔
مزید تشدد کو روکنے کے لئے پولیس کو کال کرنا ایک مثبت قدم ہے۔

## سیفٹی پلاننگ

مستقبل میں ممکنہ تشدد کے لئے پیشگی تیاری ضروری ہے ، چاہے آپ گھر میں ہی رہنے کا فیصلہ کریں یا چھوڑنے کا۔ حفاظتی منصوبے کی تیاری میں آپ کی اور اپکے بچوں کی حفاظت بڑھانے کے لیے عمل کی نشاندہی کرنا شامل ہے۔ وکٹیم سروسز ذاتی حفاظت کا منصوبہ بنانے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے، براہ کرم کسی ٹیم ممبر سے 4810-825-905 پر رابطہ کریں۔

حفاظت کے کچھ عمومی نکات میں شامل ہیں:

- اپنی جبلت پر بھروسہ کریں۔ ہر وقت چوکس رہیں۔
- اپنے گردونواح سے آگاہ رہیں اور ایسے نئے معمولات بنائیں جن کی پیشین گوئی نہ کی جا سکتی ہو۔
- تنہا نہ رہنے کی کوشش کریں۔
- چارج شدہ سیل فون پاس رکھیں۔ یہاں تک کہ اگر آپ کے پاس کال کے منٹس یا کوئی پلان نہیں ہے تو بھی آپ 911 پر فون کرسکیں گے۔
- دروازوں اور کھڑکیوں پر تالے تبدیل / شامل کریں، باہر جھانکنے کا سوراخ شامل کریں، الارم لگائیں اور باہر کی لائیٹس ہر وقت جلتی رکھیں۔ فنڈز HRPS وکٹیم سروسز یونٹ کے ذریعہ دستیاب ہیں۔
- اپنے بچوں کو ہنگامی صورتحال میں 911 پر فون کرنا سکھائیں۔
- جو کچھ ہو رہا ہے اس کے بارے میں کسی ایسے فرد کو بتائیں جس پر آپ کو بھروسہ ہے۔ کنبہ، دوست اور ساتھی کارکن آپ کی حفاظت میں مدد کرسکتے ہیں۔
- اگر آپ کو گھر سے جانے کی ضرورت پڑے تو اہم دستاویزات کی کاپیاں، رقم، چابیاں، نُسخے اور کپڑے محفوظ جگہ پر رکھیں۔
- اپنی مقامی پناہ گاہ کی خدمات سے واقف ہوں۔

## طرز عمل کی فہرست

درج ذیل چیک لسٹ میں ایسے سلوک شامل ہیں جو آپ کو فیصلہ کرنے میں مدد کرسکتے ہیں کہ کیا آپ یا آپ کے کسی واقف کار کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔

جذباتی یا نفسیاتی کنٹرول

- آپ کو مختف ناموں سے پکارتا ہے، آپ کو دباتا ہے، تنقید کرتا ہے یا آپ کو رسوا کرتا ہے
- آپ کے لئے باہر جانا یا کنبہ اور دوستوں سے ملنا مشکل بناتا ہے
- حد سے زیادہ تحفظ والا برتاؤ کرتا ہے یا انتہائی حاسد ہوجاتا ہے

اقتصادی کنٹرول

- خاندانی اثاثوں جیسے بینک اکاؤنٹس یا کریڈٹ کارڈ تک رسائی دینے سے انکار کرتا ہے
- آپ نے جو رقم خرچ کی ہے اس کا حساب کتاب کرنے پر مجبور کرتا ہے یا آپ کی رقم لیتا ہے
- آپ کو نوکری یا تعلیم حاصل کرنے یا رکھنے سے روکتا ہے

دھمکیاں دیتا ہے

- آپ کو ایسی چیز پر رپورٹ کرنے کی دھمکی دیتا ہے جو آپ نے نہیں کی
- بچوں کو نقصان پہنچانے یا اغوا کرنے کی دھمکی دیتا ہے
- خوف کو فروغ دینے کے لیے آپ کو ہتھیاروں کے زریعے دھمکیاں دیتا ہے

جسمانی تشدد کی کاروائیاں کرتا ہے

- ذاتی ملکیت کی اشیا کو تباہ کرتا ہے یا چیزیں آس پاس پھینک دیتا ہے
- گرفت، دھکے، مار پیٹ، مکے، تھپڑ، لاتیں، گلا گھونٹتا یا کاٹتا ہے۔
- آپ کو جنسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر مجبور کرتا ہے جو آپ نہیں کرنا چاہتے ہیں

## بحران کے لیے 24 گھنٹے چلنے والے نمبرز

| | |
|---|---|
| حملے کا شکار خواتین کی ہیلپ لائن | 1.866.863.0511 |
| COAST (دماغی صحت) | 1.877.825.9011 |
| ڈسٹریس سینٹر برلنگٹن | 905.681.1488 |
| ڈسٹریس سینٹر شمالی ہالٹن | 905.877.1211 |
| ڈسٹریس سینٹر اوک ولی | 905.849.4541 |
| ہالٹن ویمن پلیس، برلنگٹن | 905.332.7892 |
| ہالٹن ویمن پلیس، ملٹن | 905.878.8555 |
| کڈز ہیلپ فون | 1.800.668.6868 |
| ریچ آؤٹ سینٹر فار کڈز (ROCK) | 905.878.9785 |
| جنسی حملہ اور تشدد سے متعلق مداخلت کی خدمات (SAVIS) | 905.875.1555<br>1.877.268.8416 |
| SAVIS ٹیکسٹ سپورٹ | 905.691.4873 |

پولیس، فائر، ایمبولینس (ایمرجنسی

ہالٹن علاقائی پولیس سروس - 911 پر کال کریں

| | |
|---|---|
| WWW.HALTONPOLICE.CA | 905.825.4747 |
| گھریلو تشدد کی تفتیشی یونٹ | 905.825.4747<br>ایکسٹینشن 8799 |
| گھریلو تشدد کے شکار لوگوں کا کوآرڈینیٹر | 905.465.8774 |
| متاثرین / گواہوں کی مدد کا پروگرام | 905.878.6292 |
| متاثرین کی سروسز یونٹ | 905.825.4747<br>ایکسٹینشن 8772 |
| متاثرین کی سپورٹ لائن | 1.888.579.2888 |
| متاثرین کا کوئیک رسپانس پروگرام | 905.825.4810 |

- آپ، آپ کے خاندان، پالتو جانوروں یا خود کو نقصان پہنچانے کے لئے دھمکیاں دیتا ہے

## نئے آنے والوں کے لیے معلومات

| | |
|---|---|
| نئے آنے والوں کے لیے انفارمیشن سنٹر | 905.875.3851 ایکسٹینشن 5008 |
| ہالٹن ملٹی کلچرل سنٹر | |
| برلنگٹن | 905.854.2486 |
| ملٹن | 905.864.6565 |
| نارتھ اوک ولی | 905.257.1555 |
| اوک ولی | 905.842.2486 |

## مہارت کی نشوونما اور نووارد تربیت کی خدمات کا مرکز

| | |
|---|---|
| 3350 ساؤتھ سروس روڈ<br>برلنگٹن | 905.333.3499 |
| 1395 ایبی ووڈ ڈرائیو<br>اوک ولی | 905.847.8345 |

## قانونی خدمات

| | |
|---|---|
| **مفت قانونی مشورہ**<br>فیملی لاء انفارمیشن سنٹر<br>ملٹن کورٹ ہاؤس<br>491 اسٹیلز ایوینیو ایسٹ، کمرہ 216 | 905.878.7281 ایکسٹنشن 3447 |
| ہالٹن کمیونٹی قانونی خدمات | 905.875.2069 |
| لیگل ایڈ اونٹاریو | 1.800.668.8258 |

## پروبیشن اور پیرول

| | |
|---|---|
| ہالٹن (ملٹن) | 905.878.7279 |
| ہالٹن ساؤتھ (اوک ولی) | 905.845.8571 |

## آمدنی میں مدد

| | |
|---|---|
| سماجی اعانت | 311 یا<br>905.825.6000<br>1.866.442.5866 |

www.halton.ca/living_in_halton/social_assistance

## صلاح کاری کی خدمات

| | |
|---|---|
| بڑھنے کی صلاح کاری | 905.845.3811 |
| ہالٹن ویمن پلیس، برلنگٹن | 905.332.1593 |
| ہالٹن ویمن پلیس، ملٹن | 905.878.8555 |
| وومن سنٹر آف ہالٹن، ملٹن | 289.878.1943 |
| وومن سنٹر آف ہالٹن، اوک ولی | 905.847.5520 |

## بچوں اور نوجوانوں کے لیے خدمات

| | |
|---|---|
| ہالٹن چلڈرن ایڈ سوسائٹی | 905.333.4441<br>1.866.607.5437 |
| ہالٹن فیملی سروسز | 905.845.3811 |
| ریڈئیس چائلڈ اینڈ یوتھ سروسز، اوک ولی | 905.825.3242<br>1.855.744.9001 |
| ریچ آؤٹ سینٹر فار کڈز (ROCK) | 905.634.2347 |
| زیر نگرانی رسائی پروگرام | 905.637.5256 |

## خواتین کی پناہ گاہیں
## (بدسلوکی کا شکار ہونے والی خواتین اور بچوں کے لئے)

| | |
|---|---|
| ہالٹن ویمن پلیس، برلنگٹن | 905.332.1593 |
| ہالٹن ویمن پلیس، ملٹن | 905.878.8970 |

## نوجوانوں کی پناہ گاہیں

| | |
|---|---|
| ریڈی 4 لائف برلنگٹن (صرف نوجوان) | 905.699.7743 |
| ریڈی 4 لائف اوک ولی (صرف نوجوان) | 905.699.9332 |

## اکیلے بالغوں کی پناہ گاہیں

| | |
|---|---|
| لائٹ ہاؤس | 905.339.2918 |

## ہاؤسنگ

| | |
|---|---|
| ہاؤسنگ ہیلپ ہالٹن | 311 ڈائل کریں |
| سپورٹ اور ہاؤسنگ ہالٹن | 905.845.9212 |

**رپورٹنگ**

جب کسی واقعے کی اطلاع دی جاتی ہے تو ہالٹن ریجنل پولیس سروس (HRPS) تحقیقات کرتی ہے اور اس کی رپورٹ درج کی جائے گی۔ انچارج آفیسر یہ طے کرتا ہے کہ کیا کوئی جرم ہوا ہے اور آیا گرفتاری کی ضرورت ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے واقعے کی رپورٹ کا نمبر اور آفیسر کا نام اور بیج نمبر حاصل کریں۔

**<u>الزام عائد نہ ہونے کا سبب بننے والی رپورٹ</u>**

اگر جواب دینے والے افسران یہ معقول بنیاد تیار نہیں کرتے ہیں کہ کوئی مجرمانہ عمل ہوا ہے تو واقعے کا دستاویزی اندراج کر لیا جائے گا لیکن پولیس کی طرف سے کوئی الزام عائد نہیں کیا جائے گا۔ آپ معاونت اور حوالہ جات پیش کرنے والی وکٹیم سروسز سے فالو اپ وصول کرسکتے ہیں۔ آپ 905-825-4810 پر بھی وکٹیم سروسز سے براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں۔

**<u>گرفتاری کی صورت میں</u>**

اگر جواب دینے والے افسران معقول بنیاد بناتے ہیں کہ کوئی جرم ہوا ہے اور ملزم منظر عام پر ہے تو ملزم کو گرفتار کرلیا جائے گا۔

اگر ملزم موجود نہیں ہے تو ملزم کی تلاش اور گرفتاری کی کوششیں کی جائیں گی۔ اگر ملزم نہیں مل پائے تو اس کی گرفتاری کا وارنٹ حاصل کیا جائے گا۔ ملزم کے گرفتار ہونے پر پولیس متاثرہ فرد کو آگاہ کرے گی۔

ملزم کو تحویل میں لیا جائے گا اور رہائی کی شرائط سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ ملزم کو شرائط کے ساتھ رہا کیا جاسکتا ہے جن کی پیروی کرنا اس کے لیے ضروری ہو گا یا پھر ضمانت کی سماعت کے لئے اس کوتحویل میں رکھا جا سکتا ہے۔

حاضر ہونے کا وعدہ / آفیسر انچارج انڈرٹیکنگ (PTA/OIC): اگر شرائط پر رہا ہوا تو ملزم کو بعد کی تاریخ میں جج کے سامنے پیش ہونے کے لئے عدالت کی تاریخ دی جائے گی۔

ضمانت کی سماعت: دیگر مواقع پر، ملزم کو گرفتار کیا جاتا ہے اور جب تک جسٹس آف پیس کے سامنے ضمانت کی سماعت نہیں ہوتی، اسے حراست میں رکھا جاتا ہے۔ رہائی کی شرائط عدالت کی طرف سے طے کی جاتی ہیں۔

جب الزامات عائد کردیئے جاتے ہیں تو یہ انتہائی اہم ہے کہ تمام متاثرین اور گواہ پولیس اور کراؤن اٹارنی کے دفتر کو رابطے کی کسی نئی معلومات کے بارے میں تازہ کاری کریں۔ برائے کرم HRPS کو 905-825-4747 ایکسٹینشن 8799 پر اور کراؤن اٹارنی کے دفتر کو

905-878-7291 پر فون کریں۔

**<u>خلاف ورزی رپورٹ کرنے کا طریقہ</u>**

کینیڈا کے فوجداری ضابطہ میں دیا گیا ہے کہ کوئی بھی شخص جو رہائی کی شرط کی خلاف ورزی کرتا ہے یا خلاف ورزی میں کسی کی مدد کرتا ہے، اس پر فوجداری جرم کا الزام عائد کیا جا سکتا ہے۔

HRPS سے فوری طور پر فون کے ذریعے رابطہ کریں یا کسی مقامی اسٹیشن میں حاضر ہوں۔

کسی بھی قسم کی متعلقہ معلومات اور دستاویزات فراہم کریں۔

HRPS یہ معلوم کرنے کے لئے تفتیش کرے گا کہ آیا یہ کوئی مجرمانہ عمل ہے۔

**<u>محدود کرنے کے احکامات</u>**

محدود کرنے کے احکامات فیملی کورٹ کے نظام کے ذریعہ شریک حیات کے خلاف، شریک حیات، صحبت داری کے موجودہ یا سابقہ شراکت داروں کے لیے حاصل کیے جاتے ہیں۔

عدالت کسی درخواست دہندہ کی جانب سے اپنے آپ کو یا قانونی طور پر اپنی نگرانی میں موجود بچے (بچوں) کو حفاظتی حوالے سے خطرے سے متعلق جمع کروائی گئی مناسب وجوہ کی بنیاد پر محدود کرنے کا حکم جاری کرسکتی ہے۔

حکم میں یہ مخصوص کیا جاسکتا ہے کہ ایک فرد آپ سے یا آپ کے بچے (بچوں) سے رابطہ یا بات چیت نہیں کرے گا، ایک یا ایک سے زیادہ مقامات پر مخصوص فاصلے کے اندر نہیں آئے گا، اور کوئی بھی دیگر شرائط جو عدالت موزوں سمجھتی ہے۔

آپ فیملی لاء کے وکیل کے ذریعہ یا فیملی کورٹ (491 اسٹیلس ایونیو ایسٹ، ملٹن) میں حاضر ہو کر محدود کرنے کے حکم کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر حکم نامہ 15 اکتوبر، 2009 کو یا اس کے بعد جاری کیا گیا تھا تو پابندی کے حکم کی شرائط کی خلاف ورزی کرنا اب ایک مجرمانہ عمل ہے۔

**<u>امن بانڈز</u>**

امن بانڈ ایک عدالتی حکم ہے جس کے زریعہ کسی شخص سے یہ درکار کیا جاتا ہے کہ وہ امن قائم رکھے، بہتر رویہ رکھے اور دیگر شرائط کی تعمیل کرے۔

امن بانڈ حاصل کیا جاسکتا ہے آپ کو کسی ایسے شخص سے محفوظ رکھنے کے لیے جس سے آپ کو خطرہ محسوس ہو رہا ہو۔

کچھ معمولی گھریلو معاملات میں، کراؤن اٹارنی مخصوص شرائط کے ساتھ امن بانڈ کا حصہ بننے والے ملزم پر فوجداری کا یا صوبائی الزام واپس لے سکتا ہے۔

امن بانڈ کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں ہے۔ امن بانڈ کی شرط کو توڑنا ایک فوجداری جرم ہے۔

کوئی شخص صوبائی عدالت (491 اسٹیلیز ایونیو ایسٹ، ملٹن) میں جسٹس آف پیس کے ساتھ ملاقات طے کر کے پولیس کی شمولیت کے بغیر امن بانڈ کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔ اگر جسٹس آف پیس آپ کی تشویش سے اتفاق کرتے ہیں تو وہ ایک سمن جاری کریں گے جس سے دوسرے فرد کو کسی خاص تاریخ پر عدالت میں پیش ہونے کی درخواست کی جائے گی تا کہ یہ طے کیا جا سکے کہ آیا امن بانڈ کی ضرورت ہے۔

**<u>بچوں کی تحویل</u>**

آگاہ رہیں کہ بچوں تک رسائی اور تحویل کے تنازعات کے معاملے میں پولیس کا دائرہ کار محدود ہوسکتا ہے۔ افسروں کو جائزہ لینے کے لئے حالیہ عدالتی احکامات فراہم کرکے ان کی مدد کریں۔ اگر کوئی حکم پولیس کے نفاذ کے قابل متعین نہیں کیا گیا ہے تو فریقین کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ فیملی کورٹ میں واپس جائیں یا فیملی لاء کے وکیل سے رہنمائی لیں۔ اگر عدالت کا کوئی حکم موجود نہیں ہے تو پولیس کوبچے تک رسائی کے معاملات میں مداخلت کرنے کا اختیار نہیں ہے جب تک کہ کسی بچے کو تحفظ کی ضرورت نہ ہو۔